اپنے بچوں کو صحتمند اور اپنے اسکولوں کو مرض سے خالی رکھیں

اونٹاریو کے ٹیکہ کاری شیڈیول پر سختی سے عمل کریں

بطور والدین، اپنے بچوں کو محفوظ اور صحتمند رکھنا آپ کی پہلی ترجیح ہے۔ 4 تا 17 سال کی عمر کے درمیان اسکول جانے والے بچوں کو اونٹاریو کے ٹیکہ کاری شیڈیول کے مطابق ٹیکہ لگوانا ضروری ہے۔ ٹیکہ بچوں کی بہت سارے سنگین امراض سے حفاظت کرتا ہے جو بآسانی اسکول میں پھیلتے ہیں ۔

امیونائزشین آف اسکول پوپل ایکٹ کے تحت، اسکول میں حاضر ہونے کے لیے بچوں کو خناق، ٹیٹنس، خسرہ، موپس، روبیلا، مینںگوکوکل کی بیماری، کالی کھانسی، اور– 2010 اور بعد میں پیدا ہونے والے بچوں کے لیے – چکن پاکس سے حفاظت کے ٹیکے لگوانا ضروری ہے۔ جن بچوں کو پورے ٹیکے نہیں لگے ہیں انہیں اسکول میں حاضر ہونے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہے ۔

ہمیں کیا کرنے کی ضرورت ہے

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ اسکول میں حاضر ہونے کے لیے آپ کو بچے کو درکار تمام ٹیکے لگے ہوئے ہیں اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ یا مقامی صحت کے یونٹ میں چیک کریں۔ اگر آپ کے بچے نے ٹیکہ کاری کے شیڈیول پر عمل کیا ہے، تو مزید ٹیکوں کی ضرورت نہیں ہوگی ۔

کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ اپنے بچے کو تجدید کردہ ٹیکے کے ریکارڈز کو اپنے مقامی صحت کے یونٹ کے پاس رپورٹ کرائیں۔ اپنے مقامی عوامی صحت کے یونٹ کو معلوم کرنے کے لیے، یا ٹیکہ کاری کے متعلق مزید ontario.ca/vaccines معلومات کے لیے ملاحظہ کریں۔

ٹیکہ کاری کی تعلیم

اگر والدین اپنے بچے کو غیر طبی وجوہات کے لیے مطلوبہ ٹیکوں سے استثنا کرنا چنتے ہیں تو انہیں ٹیکہ کاری کے تعلیمی سیشن کو مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی عوامی صحت کے یونٹ سے رابطہ کریں

200 سے زیادہ سالوں سے، پوری دنیا میں ٹیکے زندگیوں کی حفاظت کر رہے ہیں! ٹیکے لگوائیں اور درج ذیل امراض سے اپنی فیملی کی حفاظت کریں۔

کالی کھانسی (ہپا ڈبا)

کالی کھانسی ایک متعدی بیماری ہے جو بچوں، نوعمروں اور بالغوں میں طویل مدتی کھانسی کا باعث ہوتی ہے۔ شیرخواروں میں کالی کھانسی سنگین ہو سکتی ہے۔ اس کھانسی کی وجہ سے بچے قے کر سکتے ہیں یا کچھ دیر کے لیے سانس لینا روک سکتے ہیں۔ یہ بچوں میں نمونیا، دماغ میں نقصان اور دوروں جیسی سنگین پیچیدگیوں کا بھی باعث ہو سکتی ہے۔

چیچک (چکن پاکس)

چکن پاکس ایک متعدی بیماری ہے جو سرخ، خارشی، آبلے جیسے سرخ باد شروع ہونے سے ایک دن یا دو دن پہلے تک بخار، ٹھنڈ اور عضلہ یا جوڑ کے درد پیدا کرتا ہے ۔ چکن پاکس کی وجہ سے C تھکان، معمولی سردرد، 39° پیچیدگیاں سنگین ہو سکتی ہیں اور اس میں بیکٹریائی جلدی انفیکشن، کان کے انفیکشن، اور نمونیا شامل ہیں۔

مینن‍گوکوکل کی بیماری

مینن‍گوکوکل انفیکشن کی وجہ سے شگین امراض ہو سکتے ہیں، جس میں مینن‍گجائٹس شامل ہے۔ مینن‍گجائٹس ایک بہت سنگین انفیکشن ہے جو ان لوگوں پر واقع ہوتا ہے جو ان لوگوں کے رابطے میں آئے ہوتے ہیں جو یا تو بصورت دیگر ایسے صحت مند شخص کے رابطے میں آئے ہوتے ہیں جو "حامل" ہے یا ایسے شخص کے رابطے · میں آتے ہیں جو اس بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں۔

مینن‍گوکوکل کی بیماری خون کے زہریلا ہونے اور دماغ اور اسپائنل کورڈ کے انفیکشن کا بھی سبب بن سکتی ہے۔

ٹیٹنس

ٹیٹنس یا تشنج ایک سنگین بیماری ہے جو اس وقت ہو سکتا ہے جب ٹیٹنس کے جرثومے کے ساتھ دھول جلد کے کٹنے میں داخل ہوتی ہے۔ یہ عضلات کے مروڑ اور سنگین اینٹھن کی وجہ بنتا ہے۔

خناق

یہ ناک، گھلے اور جلد کی سنگین بیماری ہے۔ اس کی وجہ سے گلے کی سوزش، بخار اور ٹھنڈ ہوتی ہے۔ سانس کے مسائل، دل کی ناکامی اور عصبہ کے نقصان کے ساتھ خناق پیچیدہ ہو سکتا ہے۔

پولیو

پولیو ایک سنگین بیماری ہے جو پولیو وائرس والے پانی پینے یا کھانہ کھانے سے لوگوں کو ہو سکتا ہے۔ یہ ایک شخص سے دوسرے شخص کو بھی پھیل سکتا ہے۔ پولیو عصبہ کے نقصان، کسی کو پوری زندگی بے حرکت بنانے یا موت کا باعث بھی ہو سکتا ہے۔

ممپس

ممپس ایک متعدی بیماری ہے جو وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے اور اس کی خصوصیات میں بخار، سر درد اور رخسار، جبڑے اور گردن کی سوجن ہے۔ یہ سماعت کے خاتمے اور دماغ کی سوزش جیسی پیچیدگیوں کا بھی باعث ہو سکتا ہے۔

خسرہ

خسرہ ایک انتہائی سنگین وائرل انفیکشن ہے۔ یہ زیادہ بخار، کھانسی، سرخ باد، ناک بہنے اور سرخ آنکھوں کا باعث ہوتا ہے۔ خسرہ کان کے انفیکشن اور نمونیا جیسی پیچیدگیوں کا باعث ہو سکتا ہے۔

روبیلا

روبیلا ایک متعدی بیماری ہے جو وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ روبیلا کی وجہ سے بخار، سرخ باد، سردرد، معمولی ناک بہنا اور سرخ آنکھوں (آنکھ کی سوزش) کا باعث ہو سکتا ہے۔ یہ حاملہ خواتین اور ان کے بچوں سنگین پیچیدگیوں، اور بالغوں میں آرتھرائٹس کا باعث ہو سکتا ہے۔

☑ **اہم نوٹ :**

وہ طلباء جنہوں نے اپنی ٹیکہ کاری کے ریکارڈز کو اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کے پاس فائل پر اپڈیٹ نہیں کرایا ہے ان کو اسکول سے معطل کیا جا سکتا ہے جب تک کہ وہ اپنے ریکارڈز کو فراہم نہ کر دیں۔

اپنے بچے کی ٹیکہ کاری کے ریکارڈز کی رپورٹ کرنے کے لیے اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کے بچے کو ٹیکہ کاری سے استثناء مطلوب ہے، تو براہ کرم اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے رابطہ کریں۔ نوٹ کریں کہ وہ بچے جن کو ٹیکہ کاری سے استثناء حاصل ہوتا ہے ان میں خطرہ زیادہ ہوتا ہے یا ان کو بیماری کی وبا پھیلنے کے دوران اسکول سے نکالا جا سکتا ہے۔

Catalogue No. 026972 ISBN 978-1-4868-3285-9 (PDF) March 2019 © Queen's Printer of Ontario 2019